گیانا کے وفد کی ملاقات

☆ بعد ازاں ملک گیانا سے آنے والے وفد نے حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز سے شرفِ ملاقات پایا۔

☆ ملک گیانا سے پانچ افراد پر مشتمل وفد آیا تھا۔ اس وفد میں ایک پنڈت Deodatt Muridall Tillack صاحب بھی شامل تھے اور ایک جرنلسٹ Miss Bibi Shanaz Khan صاحبہ تھیں۔

☆ مہمانوں نے عرض کیا کہ ہم جلسہ کے انتظامات سے بہت متأثر ہوئے ہیں۔ اتنی بڑی تعداد جلسہ میں شامل ہوئی لیکن سب کام بڑی خوش اسلوبی سے جاری رہے اور کہیں بھی کوئی خرابی پیدا نہیں ہوئی۔ اس بات نے ہمیں بہت حیران کیا ہے۔ یہ چیز جماعت احمدیہ کے علاوہ اور کہیں بھی دیکھنے کو نہیں ملتی۔

☆ پنڈت Deodatt Muridall صاحب نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے بتایا: میں جماعت احمدیہ کے ماٹو ''محبت سب کے لئے اور نفرت کسی سے نہیں'' کی نمائندگی کرنا باعثِ فخر سمجھتا ہوں۔

سب سے اہم چیز جو میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں وہ یہ ہے شرائطِ بیعت کی نویں شرط میرے دل کی آواز ہے اور میں اس شرط پر مزید کاربند رہنے کی کوشش کروں گا کیونکہ جلسہ سالانہ کی مہمان نوازی اسی شرط کا نتیجہ ہے۔

میں دعا کرتا ہوں کہ خدا تعالیٰ اپنی سلامتی اور برکتیں حضرت مرزا غلام احمد قادیانی علیہ السلام پر اور آپ کی جماعت پر نازل فرمائے۔ خدا کرے کہ جماعت احمدیہ خدا کی برکتوں سے دن بدن ترقی کرے اور خدا تعالیٰ آپ کی رہنمائی فرماتا رہے اور آپ کی حفاظت کرتا رہے۔

☆ جرنلسٹ شہناز خان صاحبہ نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا؛ جلسہ سالانہ بہت شاندار تھا۔ میں نے کبھی اتنی بڑی تعداد میں مسلمانوں کو اکٹھا اور متحد نہیں دیکھا۔ بیعت کا نظارہ بہت شاندار تھا، لوگ ایک نئی طاقت حاصل کر رہے تھے اور خدا سے قرب پا رہے تھے۔ حضورِ انور کے خطابات بہت متاثر کن تھے۔ رہائش کھانا وغیرہ سب شاندار تھا۔ تلاوت کی آواز سُن کر مجھے میرے دادا کی یاد آ گئی۔ بہت اچھا انتظام تھا۔ چھوٹے چھوٹے بچوں کو بھی کام کرتے دیکھ کر بہت خوشی ہوئی۔

☆ گیانا کے وفد کی حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز سے یہ ملاقات دو بجکر پانچ منٹ تک جاری رہی۔ ملاقات کے بعد وفد کے ممبران نے حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز کے ساتھ تصویر بنوانے کی سعادت پائی۔